عمدہ کتابت، طباعت، جلد بندی اور مناسب قیمت کے ساتھ یہ کتاب ناشرین کے علاوہ ملک کے اہم دینی کتب خانوں پر بھی دستیاب ہے۔!

سُنّتِ نبوی کا انکار کفر ہے

مؤلف: سماحۃ الشیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز حفظہ اللہ تعالیٰ
مترجم: مولانا غلام مصطفےٰ احسن، قیمت درج نہیں ہے

سنتِ نبوی کی آئینی، قانونی اور تشریعی حیثیت کا انکار، اسلام کے خلاف ایک گہری سازش کا نیا روپ ہے۔ آج کل "کمیونسٹوں کے شعبۂ اسلامیات کے انچارج" پاکستان میں ڈاکٹر یوسف گورایہ ہیں اور انہیں بیورو کریسی اور عدلیہ کے سابق و موجود ارکان کی بھاری تعداد کی حمایت حاصل ہے۔ گورایہ سے پہلے یہی "فریضہ" مسٹر غلام احمد پرویز ذرا مختلف طریقۂ واردات کے ساتھ انجام دیتے رہے ہیں۔ اباحیت پرستوں کی اس تحریکِ تجدد کے خلاف اس قسم کے کتابچوں کی اشاعت، ایک گراں قدر دینی و ملّی خدمت ہے۔ خصوصاً جب کہ اس باب میں ہمارے موجودہ علماء اور دانشوروں کی سنگین بے نیازی اور بھی اندوہناک ہے۔ اس لئے اہلیانِ مسجد اور فرزندانِ تہذیب دونوں کو اس مقالہ سے استفادہ کرنا چاہئے۔

یہ خوب صورت کتابچہ 'المکتبۃ المحمدیہ' ۸۶ اے، غلام محمد آباد فیصل آباد سے شائع ہوا ہے اور وہیں سے مل سکتا ہے۔!

تنقید اور حقِ تنقید

مؤلف: مولانا محمد یوسف لدھیانوی، قیمت ۴/-
ناشر: سنی تحریک طلبہ، مدینہ بازار، ذیلدار روڈ، اچھرہ لاہور۔

اس مضمون میں جماعتِ اسلامی اور مودودی صاحب مرحوم کے "فلسفۂ تنقید" کے بردے پن کو واضح کیا گیا ہے۔ اپنے موضوع پر یہ ایک نمائندہ تحریر ہے۔ تاہم اس تحریر کی افادیت دوچند ہو جاتی اگر اس میں ان علماء پر بھی گرفت کی جاتی جو اہلِ سنت کی خدمت کے نام پر "مودودیت" کی اشاعت فرما رہے ہیں۔ جیسا کہ اس کتابچہ کے ص۱۱ پر مودودی صاحب کی یہ عبارت قابلِ اعتراض گردانی گئی ہے: "تاریخ بتاتی ہے اور صحیح بتاتی ہے کہ مروان اور یزید امتِ مسلمہ کے نزدیک ناپسندیدہ شخصیتیں سمجھی جاتی ہیں۔ یہ نرم سے نرم الفاظ ہیں جو مروان اور یزید کے بارے میں کہے جا سکتے ہیں۔"

بالکل یہی بولی بولنے والے کئی حضرات آج علماء کے حلقوں میں بھی معتبر اور محترم ہیں۔ کاش اس المیہ کا کوئی علاج ہوتا۔!